# ہیپاٹائٹس C سے چھٹکارا حاصل کریں

ہیپاٹائٹس C آپ کے جگر کو شدید نقصان پہنچا سکتا ہے اور آپ کو اس کا علم بھی نہیں ہوگا۔[1]
اس سے پہلے کہ بہت تاخیر ہو جائے کارروائی کریں۔

## کیا آپ نے ہیپاٹائٹس C کے بارے میں سنا ہے؟

ہیپاٹائٹس C، یا ہیپ C ایک وائرس ہے۔[1] یہ انفیکشن زدہ خون کی زد میں آنے سے پھیلتا ہے اور یہ آپ کے جگر کے شدید نقصان، کینسر اور یہاں تک کہ آپ کی موت کا باعث ہو سکتا ہے۔[1,2]

ایک اندازے کے مطابق ہیپاٹائٹس C کے ساتھ زندگی گزارنے والے لوگوں کی نصف تعداد کو یہ معلوم بھی نہیں ہوتا کہ وہ اس وائرس کا شکار ہیں۔[3]

## کیا آپ خطرے کی زد میں ہیں؟

جنوبی ایشیا سمیت انتہائی خطرے والے خطوں میں، آپ اتنی آسانی سے انفیکشن زدہ خون کے رابطے میں آ سکتے ہیں جتنا کہ آپ کے وہم وگمان بھی نہیں ہوگا۔

اگر آپ نے اپنی زندگی میں کبھی – بطور ایک بچہ یا بالغ فرد، مکین یا اکثر دورہ کرنے والے شخص کے طور پر – ہندوستان، بنگلہ دیش یا پاکستان میں وقت گزارا ہے تو اس بات سے واقفیت ضروری ہے کہ کن چیزوں سے آپ کو خطرہ ہے:[4]

- **طبی، دانتوں سے متعلق یا آرائشی طریق کار، بشمول ٹیکے، غیر تطہیر شدہ آلات[3,4,5]**
- **خون چڑھوانا یا خون کی مصنوعات کا استعمال[4]**
- **ہیئر ڈریسرز یا بیوٹیشینز کے ذریعہ استعمال کیے جانے والے آلات – جیسے ناخن تراش، کلپرس اور ریزرز – سے تھوڑا خطرہ ہو سکتا ہے اگر گاہکوں کے درمیان انہیں مؤثر انداز میں جراثیم سے پاک نہ کیا جائے[4,6]**

## آپ کا GP یا نگہداشت صحت کا فراہم کنندہ ہیپاٹائٹس C کے لیے جانچ کا انتظام کر سکتا ہے[7]

لوگوں کو اکثر سالوں تک ہیپاٹائٹس C کی علامات کا سامنا نہیں ہوتا ہے اس لیے اگر آپ کو خطرہ ہو تو جانچ کرانا اہم ہے۔[1]

**اگر ہیپاٹائٹس C کے لیے آپ کی جانچ کا نتیجہ مثبت رہتا ہے تو علاج کے لیے 8 سے 12 ہفتوں تک روزانہ گولیاں لینی ہوں گی۔[8] علاج مکمل ہونے کے بعد، 95% سے زیادہ لوگ شفایاب ہو جاتے ہیں۔[9]**

مزید معلومات کے لیے **HepC.co.uk** دیکھیں۔

**جانچ کرائیں۔ علاج حاصل کریں۔ شفایاب ہو جائیں۔**


**حوالہ جات**

**1** NHS۔ ہیپاٹائٹس۔ دستیابی کا پتہ: /https://www.nhs.uk/conditions/hepatitis آخری بار رسائی حاصل کی گئی: مئی 2020۔ **2** NHS۔ ہیپاٹائٹس C۔ دستیابی کا پتہ: /https://www.nhs.uk/conditions/hepatitis-c آخری بار رسائی حاصل کی گئی مئی 2020۔ **3** ہیپاٹائٹس C ٹرسٹ۔ ساؤتھ ایشین آؤٹ ریچ۔ دستیابی کا پتہ: http://hepctrust.org.uk/services/south-asian-outreach آخری بار رسائی حاصل کی گئی: مئی 2020۔ **4** رائل کالج آف جنرل پریکٹشنرز۔ پرائمری کیئر میں ہیپاٹائٹس C کی جانچ، علاج اور انتظام وانصرام کے لیے رہنمائی۔ دستیابی کا پتہ: http://www.hepctrust.org.uk/sites/default/files/Prevention-Testing-Treatment-andmanagementof-hep-C-in-primary-care%281%29.pdf آخری بار رسائی حاصل کی گئی: مئی 2020۔ **5** ورما آر وغیرہ۔ ٹیکہ کاری کے بعد منفی وقوعے: ترقی پذیر ممالک میں بہ آسانی قابل تدارک انسانی ٹیکے۔ 2011۔ 7:9;989-991۔ **6** ہیپاٹائٹس C ٹرسٹ۔ خطرے کے عوامل: ریزرز اور ٹوتھ برش۔ دستیابی کا پتہ: http://www.hepctrust.org.uk/information/risk-factors/razors-and-toothbrushes آخری بار رسائی حاصل کی گئی: مئی 2020۔ **7** دی ہیپاٹائٹس ٹرسٹ۔ ہیپاٹائٹس C کی جانچ کہاں کرائیں۔ دستیابی کا پتہ http://www.hepctrust.org.uk/information/testing/where-get-hepatitis-c-test آخری بار رسائی حاصل کی گئی: مئی 2020۔ **8** NHS۔ ہیپاٹائٹس C : علاج۔ دستیابی کا پتہ: https://www.nhs.uk/conditions/hepatitis-c/treatment/ آخری بار رسائی حاصل کی گئی: مئی 2020۔ **9** عالمی صحت تنظیم [WHO, World Health Organisation]۔ ہیپاٹائٹس C حقائق نامہ۔ دستیابی کا پتہ: /https://www.who.int/news-room/fact-sheets detail/hepatitis-c آخری بار رسائی حاصل کی گئی: مئی 2020۔



ہیپاٹائٹس C سے چھٹکارا پائیں (Be Free of Hep C) مہم بیماری سے آگہی کا ایک پروگرام ہے جسے سائنس پر مبنی ایک دوا ساز کمپنی، گلیڈ سائنسز لمٹیڈ (Gilead Sciences Ltd) نے فروغ دیا ہے اور اس کے لیے فنڈ فراہم کیا ہے۔
دستاویز نمبر: UK-HCV-2020-09-0045 تیاری کی تاریخ: ستمبر 2020